اسٹیٹ بینک زری و مالی استحکام کے لیے کام کرتا رہے گا: وتھرا

جناب اشرف محمود وتھرا نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے گورنر کا عہدہ سنبھالنے کے بعد مندرجہ ذیل بیان جاری کیا:

میں جنابِ صدر، وزیرِاعظم اور وزیرِخزانہ کا انتہائی شکر گزار ہوں جنہوں نے مجھ پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے ملک کے ایک اہم ادارے کی رہنمائی کا شرف بخشا۔

اسٹیٹ بینک آف پاکستان پوری معیشت کی بہتری کے ہمراہ زری اور مالی حالات کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرتا رہا ہے۔ اسٹیٹ بینک کی ماہرین معیشت اور مرکزی بینکاروں کی ٹیم اور حکومت پاکستان کی موجودہ معاشی ٹیم زری استحکام کی ترویج، معیشت کی بحالی کے علاوہ مالکاری تک بالعموم اور اسلامی مالکاری تک بالخصوص رسائی بہتر بنانے کے لیے کوشاں ہیں۔ آئندہ میں معاشی اور مالی استحکام کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ اسٹیٹ بینک میں دستیاب بہترین مہارتوں کے مؤثر استعمال سے معاشی بہبود کو بہتر بنانے کے ضمن میں مزید اقدامات کروں گا۔ میں عالمی مالی بحران کے بعد کے دور کے نئے پالیسی اور ریگولیٹری چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے اسٹیٹ بینک میں استعدادکاری کو بڑھانے پر بھی توجہ مرکوز کروں گا۔

اس موقعے پر میں ذرائع ابلاغ میں معاشی اور مالی امور کی کوریج کرنے والے صحافیوں سے درخواست کرتا ہوں کہ اپنے تجزیوں اور رپورٹنگ میں تمام متعلقہ دستیاب حقائق اور اعداد و شمار استعمال کریں۔ اس سلسلے میں اسٹیٹ بینک میڈیا کے افراد کے لیے ورکشاپس منعقد کرے گا تاکہ میڈیا کے لوگوں کی جانب سے معیشت کی حقیقی اقتصادی و مالی تصویر پیش کرنے کی مخلصانہ کوششوں کے نتیجے میں اسٹیٹ بینک اور پاکستان کے عوام کے درمیان مضبوط رابطہ استوار ہو سکے۔ اسٹیٹ بینک کی پالیسیوں اور معاشی و مالی اعداد و شمار کے بارے میں دستیاب معلومات تک آسان رسائی فراہم کرنے کے لیے اسٹیٹ بینک جلد ہی اپنی ویب سائٹ میں بڑی تبدیلیاں لائے گا، اِس پر موجود مواد کو بہتر بنائے گا اور اس طرح اس کے کام میں مزید شفافیت آئے گی۔ اسٹیٹ بینک ہماری قومی زبان اردو میں بھی ایک متوازی ویب سائٹ تیار کر رہا ہے تاکہ پاکستانی عوام تک معلومات اور اعداد و شمار تک رسائی کو مزید سہل بنایا جا سکے۔

میں خلوص سے اس امر پر یقین رکھتا ہوں کہ جب وطن عزیز کے مختلف اداروں میں پھیلی ہوئی متنوع مہارتیں قومی مقاصد کے حصول کے لیے مربوط انداز میں کام کر رہی ہوں تو ایس بی پی ایکٹ 1956ء کے مقدمے میں درج اسٹیٹ بینک کے مقصد یعنی '' زری استحکام اور ملک کے پیداواری وسائل کے بھرپور استعمال کو یقینی بنانے کے لیے پاکستان کے زری و قرضہ نظام کو منضبط کرنا اور بہترین قومی مفاد میں اس کی نمو کو فروغ دینا'' کی تکمیل بہت آسان ہو جائے گی۔ آخر میں، میں اسٹیٹ بینک کے اس عزم کا اعادہ کرتا ہوں کہ یہ ادارہ زری اور مالی استحکام قائم رکھنے کے قومی اہداف کے حصول کے لیے کام کرتا رہے گا۔

☆☆☆